26/02/2026 09.25/AM: Time: 05 Minute

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن جموں وکشمیر کے2 روزہ دورے پر ہیں اور وہ آج کشمیر یونیورسٹی کے21ویں کنووکیشن میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ کل ائر پورٹ پہنچنے پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ، کابینہ وزیر سکینہ ایتو اور دیگر کئی اہم شخصیات نے اُن کا والہانہ استقبال کیا ۔ انہیں رسمی گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا۔

نائب صدر جمہوریہ کے دورے کے پیش نظر انتظامیہ کی طرف سے سکیورٹی اور دیگر طرح کے معقول بندو بست کئے گئے ہیں۔ کشمیر یونیورسٹی کے کنووکیشن میں آج نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کے علاوہ لیفٹنٹ گورنر ، وزیر اعلیٰ، یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان، انتظامیہ ، عدلیہ اور پولیس ڈیپارٹمنٹ کے سینئر آفیسر بھی موجود رہیں گے۔

نائب صدر نے کل شام لوک بھون سرینگر میں منعقدہ ایک ثقافتی پروگرام کا بھی مشاہدہ کیا ، جس میں جمونو کشمیرکے روایتی لوک رقص کے علاوہ مقامی موسیقی پیش کی گئی۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے ۔ رعنا واری سرینگر میں باب السلطان العارفین گیٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

--------CM-----

اس دوران وزیر اعلیٰ نے سرینگر اور بڈگام اضلاع کا احاطہ کرنے والے190کروڑ روپے لاگت والے ریور کنزرویشن پروجیکٹس اور دیگر کئی بلدیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں ٹیچرس Eligibility ٹیسٹ سے متعلق کوئی بھی نیا حکمنامہ جاری نہیں کیا گیا ہے ۔

سرینگر میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر چہ عدالت عظمیٰ نے کوالیفائی کرنا ہو گا TET ہدایات جاری کی ہیں کہ ریاستوں اور یوٹیز میں اساتذہ کو لازمی طور پر تاہم جموں کشمیر حکومت کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اس معاملے پر ضروری غورو خوض کرے گی۔

-------Sakeena------

روبل ناگی

نے سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے Rouble Nagi معروف تعلیم داں اور سماجی کارکن ملاقات کی۔ وہ شمولیاتی تعلیم میں انقلاب لانے والی ایک ایسی خاتون ہے جنہوننے ملک بھر میں 800لرننگ مراکز کا قیام عمل مینلایا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر نے ہزاروں پسماندہ اور سکول سے دور بچوں کے مستقبل کو محفوظ کرنے اور کی سراہنا کی۔ Rouble Nagi بھارت کے تعلیمی منظر نامے میں ایک واضح اثر ڈالنے پر

گلوبل ٹیچر پرائز حاصل ہونے پرمبارکباد بھی پیش کی-GEMS ایل جی نے نا گی کو2026کا

DGP

جمونوکشمیر پولیس کے سر براہ نلین پربھات نے دہشت پسندانہ ایکو سسٹم کے خلاف ایک فیصلہ کن کارروائی کرنے پر زور دیا ہے۔ وہ بڈگام کے دورے پر تھے، جہاں انہوننے ضلعے کی مجموعی سلامتی صورتحال کے علاوہ ضلعے میں تعینات پولیس فورس کی آپریشنل تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

سینٹرل DIG گیلانی، آئی جی پی کشمیر وی کے بردی اورSJMکارڈنیشن DGP میٹنگ میں سپیشل بھی تھے۔ Nikhil Borkar کشمیر راجیو پانڈے نیز ایس ایس پی بڈگام

کھیلو انڈیا

کھیلو انڈیاوِنٹر گیمز کی اختتامی تقریب آج گالف کورس گلمرگ میں منعقد ہو رہی ہے۔شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلے کل اختتام پذیر ہو گئے۔ ان کھیل مقابلوں میں مقامی اور قومی سطح کے کھلاڑیوں نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا ۔

ان مقابلوں میں دفاعی چمپئن فوج نے اپنی پہلی پوزیشن اس بار بھی برقرار رکھی جبکہ ہما چل پردیش دوسرے نمبر پر رہا ۔ کل کے مقابلوں میں جمونوکشمیر سے تعلق رکھنے والے زُبید احمد نے سنو بورڈنگ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت لیا۔ اس کے علاوہ دیگر کئی کھلاڑیوں نے مختلف کھیل زمروں میں سونے ، چاندی اور کانسے کے تمغے جیت لئے ہیں ۔

یوتھ پارلیمنٹ

گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیان اور میرا یوا بھارت کی جانب سے کالج میں وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ منعقد ہوا، جس کا موضوع” ایمر جنسی کے50سال: بھارت کےلئے سیکھ“ تھا۔

وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں نوجوانوں کو قومی سطح کے مباحثوں میں حصہ لینے کا موقع فراہم ہو تا ہے اور جہاں وہ2047تک وکست بھارت کے نظریے کو حقیقت میں بدلنے کےلئے اپنے خیالات پیش کر سکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت2 اعشاریہ2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....